# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اُردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو تنقید۔ا (5605) سمسٹر: خزاں 2025

سطح: ایم اے (اردو)

براہِ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4 ۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF) یا Word فارمیٹ میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر 1 تا 4)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

ا۔ تنقید اور تخلیق کے مابین کیا بنیادی فرق پایا جاتا ہے؟ ادبی تناظر میں وضاحت کریں۔ 20

۲۔ اردو ادب میں نقاد کے منصب، کردار اور صفات پر تنقیدی رائے پیش کریں۔ 20

۳۔ عربی و فارسی تنقید میں ادب کا تصور کن فکری بنیادوں پر قائم ہے؟ مفصل نوٹ لکھیں۔ 20

۴۔ اردو تنقید کے آغاز وارتقا میں تذکروں اور مقدموں کی علمی وادبی اہمیت کیا ہے؟ 20

۵۔ درج ذیل میں سے ہر ایک پر مختصر نوٹ تحریر کریں: (10x2=20)

i. جرجانی بطور مفکر و نقاد

ii. قابوس نامہ: ایک تنقیدی دستاویز

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر 5تا9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

۱۔ افلاطون اور ارسطو کے تنقیدی تصورات میں نمایاں اختلافات اور مماثلتیں کیا ہیں؟ تقابل کریں۔ 20

۲۔ میتھیو آرنلڈ اور ٹی ایس ایلیٹ کے ادبی نظریات نے جدید تنقید کو کس طرح متاثر کیا؟ 20

۳۔ ایذرا پاؤنڈ اور ہنری جیمز کے تنقیدی تصورات کا خلاصہ اور باہمی تقابل پیش کریں۔ 20

۴۔ مغربی تنقید میں "رومانویت" کی تحریک کیا تھی؟ اردو تنقید پر اس کے اثرات کا جائزہ لیں۔ 20

۵۔ درج ذیل مغربی نقادوں پر مختصر نوٹ لکھیں: (10x2=20)

- رینے ویلک
- ہوریس اور "فنِ شاعری"